پیامِ رابطہ | جریدہ من جانب رابطۃ الطلاب الروھنجیین المسلمین - مقام اشاعت و قیمت نامعلوم - چار صفحے کے اس اخبار کو پڑھ کر اراکان اور برما کے مسلمانوں کے قیامت آفریں حالات معلوم کیے جا سکتے ہیں - شرم آنی چاہیے دُنیا کی تمام مسلمان حکومتوں کو جو حکومت برما سے نہ موثر احتجاج کرتی ہیں، نہ اصلاحِ احوال کا پُرزور مطالبہ کرتی ہیں، نہ سفارتی اور تجارتی تعلقات منقطع کرتی ہیں اور نہ کوئی حکومت برمی مسلمانوں کو نکال کر اپنے ہاں اس انداز سے جگہ دینے پر تیار ہے جیسے اسرائیل نے حبشہ سے یہودیوں کو نکال لیا ہے -

---

حضرت مسیح علیہ السلام مرزا قادیانی کی نظر میں | از مولانا لال حسین اختر مرحوم - ناشر: مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت، حضوری باغ، ملتان -

مسیح علیہ السلام کے متعلق جو توہین آمیز خرافات مرزا قادیانی نے لکھی ہیں - یہ پمفلٹ ان کا آئینہ دار ہے -

---

ذکری مذہب اور اسلام | مولوی عبدالمجید بن مولوی اسحٰق (مشکے، خضدار) - ناشر: مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت پاکستان، شارع لیاقت، کوئٹہ، بلوچستان - قیمت -/۶ روپے

ذکری مذہب اپنی جگہ بہت بڑا فتنہ ہے، مگر قادیانیت کے طوفانِ عظیم نے مسلمانوں کو ادھر متوجہ ہونے کا موقع ہی نہیں دیا - ذکری گروہ اپنے عقاید، عبادات، رسوم اور شعائر کے لحاظ سے مسلمانوں سے کوسوں دُور ہے - اس پمفلٹ میں ضروری معلومات دی گئی ہیں - بعض عدالتی فیصلے بھی درج ہیں - چند اہم افراد کی آرا بھی ہیں، آخر میں مآخذ بھی درج کیے گئے ہیں -

---

۱- مصنوعی حج
۲- ذکری عقاید آپ کی عدالت میں | از ایم ایس بلوچ - ناشر: مجلسِ تحفظِ اسلام پاکستان، شارع اقبال کوئٹہ، بلوچستان - یہ دونوں پمفلٹ بھی اوپر ہی کے مبحث سے متعلق ہیں -

---